درس ۲: ماضی کے صیغہ

۱-

	فعل ماضی					
	غائب		مخاطب		متکلم	
	مذکر	مونث	مذکر	مونث	مذکر اور مونث	
مفرد	(۱)ضَرَبَ	(۴)ضَرَبَتْ	(۷)ضربتَ	(۱۰)ضَرَبْتِ	(۱۳)ضَرَبْتُ	وحدہ
تثنیہ	(۲)ضَرَبَا	(۵)ضَرَبَتَا	(۸)ضَرَبْتُمَا	(۱۱)ضَرَبْتُمَا		
جمع	(۳)ضَرَبُوا	(۶)ضَرَبْنَ	(۹)ضَرَبْتُمْ	(۱۲)ضَرَبْتُنَّ	(۱۴)ضَرَبْنَا	مع الغیر

۲-

صحیح: وہ کلمہ جس میں کوئی حرف علۃ نہ ہو۔

ثلاثی مجرد: تین حرفی ہے اس لئے ثلاثی کہتے ہیں (ض ر ب) اور کوئی حرف اضافی نہیں ہے اس لئے مجرد کہتے ہیں۔

۳-

ضرب
- **ضَ** ← فاء الفعل
- **رَ** ← عین الفعل
- **بَ** ← لام الفعل

ضَرَبَ	ضَ	رَ	بَ
فَعَلَ	فَ	عَ	لَ

۴- **ضَرَبَ** --> دراصل **الضرب** تھا۔ **الضرب** کا **الف** اور **لام** ہٹا دیا تو--> **ضرب** رہ گیا ۔

-**ھو** اس میں ضمیر کے عنوان سے مستتر ہے جو اس فعل کا فاعل ہے۔

- قانون: ہر فاعل مرفوع ہوتا ہے۔

۵- **ضَرَبَ** ← **ضَرَبَا** اس کا **الف** علامت تثنیہ اور ضمیر فاعلی ہے۔

۶-ضَرَبَ ← ضَرَبَوا ← **ضَرَبُوا** اسکا **واو** علامت جمع مذکر اور ضمیر فاعل ہے اور اسکی ضمیر منفصل **هُم** ہے۔

۷-ضَرَبَ ← **ضَرَبَتْ، تْ** مونث کی علامت ہے اور اس میں ایک فاعل کی ضمیر **هی** پوشیدہ ہے۔

۸-ضَرَبَتْ ← **ضَرَبَتَا** اس میں **الف** تثنیہ کی علامت اور ضمیر ہے۔**هما** ضمیر منفصل فاعلی ہے۔

۹-ضَرَبَتْ ← ضَرَبَتْنَ ← ضَرَبَنَ ← **ضَرَبْنَ** اس میں **نون** علامت جمع مونث ہے اور فاعل کی ضمیر بھی ہے۔**هنَّ** ضمیر منفصل ہے۔

۱۰-ضَرَبَ ← ضربتَ۔**تَ** مفرد مذکر مخاطب کی علامت ہے اور فعال کی ضمیر بھی ہے۔**انتَ** ضمیر منفصل ہے۔

۱۱-ضَرَبتَ ← ضربتَا ← **ضَرَبْتُمَا** ۔ **تما** تثنیہ اور فاعل مذکر کی علامت ہے اور فاعل کی ضمیر ہے۔**انتُما** اسکی ضمیر منفصل ہے۔

۱۲-ضَرَبتَ ← ضَربتَو ← ضَربتُو ← ضَرَبْتُوْمْ ← **ضَرَبْتُمْ** ۔ **تُمْ** جمع مذکر مخاطب اور ضمیر کی علامت ہے۔ **انتُم** اسکی ضمیر منفصل ہے۔